آ پکی زندگی میں مختلف سنگِ میل آتے ہیں، مثلاً آپ کا ذاتی گھر، آپ کے بچے کی تعلیم اور شادی، ریٹائرمنٹ وغیرہ، جنہیں سہولت کے ساتھ حاصل کرنا آپ کا خواب ہے، اس کے لئے ایک محتاط منصوبہ بندی اور مسلسل بچت کی ضرورت ہے، یو بی ایل بیٹر لائف تکافل سیونگ پلان آپ کو اور آپ کی فیملی کو مختلف قسم کی مالی پریشانیوں سے تحفظ دیتے ہوئے ایک لمبی مدت کے بچت منصوبہ کے فوائد میسر کرتا ہے۔

## یو بی ایل بیٹر لائف تکافل سیونگز پلان

یو بی ایل بیٹر لائف تکافل چائلڈ سیونگز پلان شرعی طریقۂ کار کے مطابق آپ کو محفوظ مالی مستقبل کے ساتھ ساتھ بچت جمع کرنے کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے، اس پلان میں ای ایف یو لائف آپ کو مالیاتی تحفظ فراہم کرتی ہے، اور آپ اپنی ضرورت کے مطابق اس پلان کے مختلف درجات میں سے کسی ایک کا انتخاب کرسکتے ہیں، اور اس کے علاوہ دیگر فوائد بھی فراہم کئے جاتے ہیں جو آپ کو ناگہانی حادثات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کرتے ہیں۔

یہ پلان ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ ایڈوائزر جناب مفتی ابراہیم عیسیٰ صاحب کی جانب سے منظور شدہ ہے جو جامعہ دارالعلوم کراچی سے فارغ التحصیل ایک مستند عالمِ دین ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی مالیات اور تکافل کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

## یو بی ایل بیٹر لائف تکافل سیونگز پلان ہی کیوں؟


مستقبل غیر یقینی صورتِ حال سے بھرپور ہے، ہم ایک اچھی زندگی کے لئے روزانہ محنت اور کوشش کرتے ہیں اور خواہش کرتے ہیں کہ ہمارے پیارے ایک آرام دہ زندگی گزار سکیں، مگر محنت کے ساتھ کیا ہم مستقبل کی غیر یقینی صورتِ حال سے نمٹنے کے لئے منصوبہ بندی کرتے ہیں؟ مستقبل کی غیر یقینی صورتِ حال سے ذہنی سکون کے لئے صحیح قدم اٹھاتے ہوئے اپنے مستقبل کی مالی ضرورتوں کو محفوظ بنائیے۔ یو بی ایل ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشن کی معاونت سے آپ کو اور آپ کے پیاروں کو ایک محفوظ مستقبل فراہم کرنے کے لئے یو بی ایل بیٹر لائف تکافل سیونگز پلان پیش کرتا ہے۔ چاہے یہ کیریئر کیلئے، بچوں کی تعلیم، بچوں کی شادی، ذاتی گھر کی خریداری، کاروبار کی شروعات یا ریٹائرمنٹ کے لئے ہو، اپنا زیادہ وقت ضائع کئے بغیر یو بی ایل بیٹر لائف تکافل سیونگز پلان کے ساتھ بچت شروع کیجئے، یہ سیونگز پلان آپ کو غیر معمولی تکافل کے تحفظ کے ساتھ ساتھ لمبی مدت کیلئے بچت بڑھانے میں مدد کرتا ہے۔

## تکافل کیا ہے؟

تکافل ماہرینِ شریعت کی زیرِ نگرانی تیار کردہ باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی تحفظ اور سرمایہ کاری کا طریقہ کار ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق آپ کو اور آپ کے پیاروں کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں اور مسائل سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ تکافل پراڈکٹس کے ذریعہ باہمی تعاون اور بھائی چارے کی بنیادوں پر تکافل پلان کے شرکاء کو غیر متوقع جانی اور مالی نقصانات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

## تکافل ممبرشپ کیسے کام کرتی ہے؟

ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالہ- وقف کے اصولوں پر مبنی ہے جس میں معاشرے کے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کیلئے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیرِ انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تاکہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کرسکیں۔




## تکافل فنڈ میں سرمایہ کاری کے کیا مواقع حاصل ہیں؟

آپ کی فراہم کی گئی رقم کو ای ایف یو لائف تکافل گروتھ فنڈ کے یونٹ خریدنے میں استعمال کیا جائے گا، اس فنڈ کا مقصد آپ کے سرمایہ کو مختلف قسم کے سرمایہ کاری منصوبوں مثلاً اسلامک میوچل فنڈز، ماہرینِ شریعت سے منظور شدہ اسٹاک مارکیٹ کے شیئرز، صکوک بانڈز، اسلامک بینک کے ٹرم ڈپازٹز وغیرہ میں لگا کر زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ یہ فنڈ ادارہ سے منسلک سرمایہ کاری کے ماہرین کی زیرِ نگرانی استعمال کیا جاتا ہے، جو مالی و معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اس امر کو یقینی بنانے کی ممکنہ کوشش کرتے ہیں کہ سرمایہ کو بہتر سے بہتر جگہ پر لگایا جائے تاکہ شرکاءِ تکافل کو بہترین مالی منافع حاصل ہو سکیں۔

## سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟

یہ تکافل پلان شرکاءِ تکافل کو مالی خطرات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ شرکاءِ تکافل وقف فنڈ میں تبرع کی بنیاد پر زرِ تکافل دے کر وقف کی شرائط کے مطابق سرپلس کی تقسیم میں حصہ دار بھی ہوسکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یو لائف، اپنے شرعی مشیر اور مقرر کردہ ایکچوری کی منظوری سے قابلِ تقسیم سرپلس کا تعین کرے گا۔

## ''سرپلس شیئرنگ'' (Surplus Sharing) کے فوائد کیا ہیں؟

اضافی سرمایہ کا ایک حصہ (Participant Investment Account) میں شامل کیا جاتا ہے، یہ اضافی یونٹس/ بونس آپکے پلان کی کیش ویلیوز (Cash Values) پر بحیثیت مجموعی مثبت اثر ڈالتے ہوئے، اس میں نمایاں اضافہ کرتے ہیں۔

## منافعِ تکافل:

**ڈیتھ بینیفٹ:**

تکافل کی مدت کے دوران وفات کی ناگہانی صورت میں مندرجہ ذیل تکافل بینیفٹ ادا کئے جائیں گے:

وقف فنڈ سے حاصل ہونے والی رقم

+

شریکِ تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی کیش ویلیوز

+

فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کی کیش ویلیوز

**میچورٹی بینیفٹ:**

ممبرشپ کی مدت کے اختتام تک اگر شریکِ تکافل حیات ہے تو میچورٹی بینیفٹ مندرجہ ذیل ہوگا۔

شریکِ تکافل کے انویسٹمنٹ فنڈ کی کیش ویلیوز

+

فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کی کیش ویلیوز

## میچورٹی بونس:

میچورٹی کی تاریخ پر پلان کی عمومی کنٹری بیوشن کی اوسط شرح کے مطابق اضافی یونٹس مختص کیے جائیں گے، یہ اضافی یونٹس میچورٹی کے سال کے حساب سے درجِ ذیل مثال کے مطابق ہونگے۔

| میچورٹی کا سال | ایلوکیشن کی شرح |
| --- | --- |
| 10 سے 14 | 10% |
| 15 سے 19 | 15% |
| 20 سے 24 | 20% |
| 25 | 25% |

## کس طرح سے زندگی میں دیگر خطروں سے نمٹنا جائے؟

مالیاتی تحفظ میں اضافے کے لئے یہ پلان مختلف ضمنی فوائد فراہم کرتا ہے جو کہ آگے دیئے گئے ہیں۔

**ایڈیشنل ٹرم تکافل:**

شریکِ تکافل کے انتقال کی صورت میں یہ بینیفٹ ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

**تکافل فیملی انکم بینیفٹ:**

پلان کی مدت کے دوران شریکِ تکافل کی وفات کی صورت میں یہ بینیفٹ اُس کی فیملی کو ماہانہ آمدنی فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ***

شریکِ تکافل کی حادثاتی موت کی صورت میں یہ بینیفٹ ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈیسبلٹی بینیفٹ/پلس***

شریکِ تکافل کی حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں یہ بینیفٹ ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ویور آف کنٹری بیوشن**

کسی بیماری یا حادثہ کی صورت میں اگر شریکِ تکافل کی آمدنی کے ذرائع نہ رہیں تو پلان کا زرِ تکافل ای ایف یو لائف ونڈو تکافل کے زیرِ انتظام چلنے والے وقف فنڈ/ پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

*توجہ: ایکسڈینٹل بینیفٹس میں سے کسی ایک کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

## عمومی طور پر پوچھے جانے والے سوالات:

تکافل پلان میں شرکت کی درخواست کیسے کی جاسکتی ہے؟

کچھ آسان مراحل اس پلان کو حاصل کرنے کے لئے:

1. آپ کا فیصلہ ہوگا کہ کم از کم سالانہ زرِ تکافل کتنا ہوگا-
2. آپ کی ضروریات کے مطابق پروٹیکشن منتخب کیا جائے گا-
3. پلان کی قیمت بڑھانے کے لئے اضافی فوائد منتخب کریں-

## تکافل پلان میں شرکت کی درخواست کون کرسکتا ہے؟

18 سے 65 سال کے افراد، تاہم پالیسی کے اختتام کے وقت عمر 75 سال سے زائد نہیں ہوسکتی۔

معاملہ تکافل کی مدّت 10 اور 25 سال کے درمیان کی اختیار کی جاسکتی ہے۔

کم سے کم سالانہ زرِ تکافل 20 ہزار روپے ہے۔

سگنیچر شاخوں میں کم سے کم زرِ تکافل 50 ہزار روپے ہے-

Ameen آمین
Islamic Banking

# محفوظ مستقبل کی جانب
## ایک صحیح قدم



BetterLife
Takaful Savings Plan

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

## پروٹیکشن ملٹی پل:

سم کورڈ کا تعین سالانہ کنٹری بیوشن اور پروٹیکشن ملٹی پل کے فارو ملے کے مطابق کیا جاتا ہے۔ جو کہ دیئے گئے نقشے سے منتخب کی جاسکتی ہے۔

| عمر | کوریج کی سطح پر مبنی پروٹیکشن ملٹی پل | |
|---|---|---|
| | کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
| 18 سے 35 | 5 | 75 |
| 36 سے 40 | 5 | 50 |
| 41 سے 49 | 5 | 35 |
| 50 سے 60 | 5 | 10 |
| 61 سے 65 | 5 | 70-age |

## ایلوکیشن فیصد کتنی ہوگی؟

سال بہ سال ایلوکیشن فیصد کیلیئے ذیل کا جدول ملاحظہ فرمائیں:

| سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 1 | 35% |
| 2 | 80% |
| 3 | 95% |
| 4 سے 5 | 100% |
| 6 سے 10 | 103% |
| 11 سے 15 | 105% |
| 16 سے 20 | 107% |
| 21 سال اور آگے | 110% |

## تبرع برائے وقف:

شریکِ تکافل کی عمر اور تکافل کوَر کو مدِ نظر رکھتے ہوئے زرِ تکافل سے کچھ رقم وقف فنڈ (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائیگی۔

## فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن (FAC):

سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں اضافہ کیلیئے فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن (FA C) کسی بھی وقت ادا کیا جا سکتا ہے۔ جس کی کم سے کم رقم -/20 ہزار روپے فی ادائیگی ہے۔

## کون سے چارجز یعنی وکالۃ الاستثمار فیس لاگو ہوگی؟

ایلوکیشن فیس (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصہ ہے) عائد کی جائے گی، اسکے بعد بقیہ زرِ تکافل اوپر ذکر کردہ ایلوکیشن فیصد کے برابر ہوگا۔

-/125 روپے ماہانہ ایڈمنسٹریشن چارج (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصہ ہے) وصول کیا جائے گا۔

ایلوکیشن فیصد کا پانچ فیصد ''بڈ آفر اسپریڈ'' (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصہ ہے) کے طور پر وصول کیا جائے گا۔

سرمایہ کاری فنڈ میں سے ڈیڑھ فیصد سالانہ انویسٹمنٹ منیجمنٹ فیس (جو کہ وکالۃ الاستثمار فیس کا حصہ ہے) کے طور پر وصول کئے جائینگے۔ یہ فیس بھی ہر سال وصول کی جائیگی۔

## میں اپنی بچت تک رسائی کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

خدانخواستہ آپ کے حالات تبدیل ہوجاتے ہیں اور آپ کو نقد رقم کی ضرورت درپیش ہو، تو آپ کسی بھی وقت سرمایہ کاری اکاؤنٹ/پارٹیسپنٹس انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں سے پوری نقد مالیت/کیش ویلیو نکلوا سکتے ہیں۔ ازراہِ کرم یاد رکھیں کہ شروع کے برسوں میں مالیت بہت کم ہوسکتی ہے کیونکہ یہ پلان دوررس مالی ضروریات کے لحاظ سے تشکیل دیا گیا ہے۔

رقم نکالنے کی صورت میں سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں بقایا -/25,000 روپے کی کیش ویلیو ہونا ضروری ہے۔

## کیا اس منصوبے میں اضافی خصوصیات موجود ہیں؟

پرائمس (Primus) فیملی تکافل انڈسٹری میں اپنی طرز کا پہلا تصور ہے، آپ کو مکمل اور بھرپور خدمات کے علاوہ فوائد کا ایک وسیع مجموعہ جیسے بین الاقوامی اور اندرونِ ملک ٹکٹس، پاکستان بھر میں میڈیکل لیبارٹریز، آن لائن شاپنگ، مفت ایگزیکٹو چیک اپ اور دیگر فوائد پرڈسکاؤنٹ فراہم کیا جاتا ہے۔

وہ تمام افراد جو -/200,000 روپے یا اس سے زیادہ کا زرِ تکافل ادا کریں وہ ای ایف یو لائف کے پرائمس (Primus) ممبر ہونگے۔

## فری لک پیریڈ:

ای ایف یو لائف 14 دن کا فری لک پیریڈ آفر کرتا ہے، جس کے تحت آپ اپنی پالیسی کے قواعد وضوابط کا بغور مطالعہ کر کے، اگر ضروری سمجھیں تو پالیسی کینسل کروا سکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ ای ایف یو لائف میڈیکل پر کئے گئے اخراجات منہا کرنے کا حق رکھتی ہے۔

## منافعِ تکافل کی مزید وضاحت ایک مثال سے:

درج ذیل مثال 35 سالہ مرد کی متوقع کیش ویلیو کی ہے۔ بنیادی کنٹری بیوشن 50,000 روپے سالانہ، پروٹیکشن ملٹی پل 20 اور مدت 25 سال ہے۔ اس مثال میں وفات کی صورت میں ملنے والی رقم تکافل کنٹری بیوشن -/1,000,000 ہوگی۔

| سال | 6% متوقع سالانہ شرحِ نفع | | 8% متوقع سالانہ شرحِ نفع | | 10% متوقع سالانہ شرحِ نفع | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | مین پلان ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو آف ریگیولر کنٹریبیوشن | مین پلان ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو آف ریگیولر کنٹریبیوشن | مین پلان ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو آف ریگیولر کنٹریبیوشن |
| 5 | 1,000,000 | 202,168 | 1,000,000 | 212,723 | 1,000,000 | 223,744 |
| 10 | 1,000,000 | 513,766 | 1,000,000 | 569,496 | 1,000,000 | 631,613 |
| 15 | 1,000,000 | 909,284 | 1,067,943 | 1,067,943 | 1,256,925 | 1,256,925 |
| 20 | 1,414,864 | 1,414,864 | 1,762,722 | 1,762,722 | 2,207,578 | 2,207,578 |
| 25 | 2,065,614 | 2,065,614 | 2,735,146 | 2,735,146 | 3,658,070 | 3,658,070 |

*یہ رقم ممکنہ نفع کی بنیاد پر تحریر کی گئی ہے، اصل دارومدار حقیقی منافع پر ہوگا۔ دیگر شرائط بھی عائد ہیں۔

## قابلِ تنبیہ امور:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف - ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ یہ پروڈکٹ یو بی ایل بینک یا اسکی کسی ذیلی کمپنی کی نہیں اور نہ ہی یو بی ایل بینک اس کا ضامن ہے۔ ای ایف یو لائف ہی اس سے وابستہ تمام امور کا ذمّے دار ہے۔
- یہ پراڈکٹ ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز نے یو بی ایل بینک کے کسٹمرز کے لئے بنائی ہے اور یو بی ایل بینک خصوصاً پروموٹر اور ڈسٹری بیوٹر ہے
- تکافل پالیسیز سے متعلق تمام تر تکافل کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کیلیئے ای ایف یو لائف ہی واحد اور انفرادی طور پر ذمّے دار ہوگا۔
- پلان کے تحت حاصل ہونے والے زرِ تکافل کے ایک حصے کو تکافل گروتھ فنڈ میں سرمایہ کاری کیلیئے مختص کیا جائے گا۔
- فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کا لازمی دارومدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف یا یو بی ایل بینک اس قسم کی کسی چیز کے ذمہ دار ہونگے۔
- فوائد کی انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کیلیئے فراہم کی جائے گی ازراہِ کرم مختلف شرائط اور ضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کیلیئے پالیسی دستاویز کا مطالعہ کریں؛ آپ کی جانب سے پلان کے شرائط وضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے۔ منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری کے خدشات بہرحال پالیسی کے حامل فرد ہی کو برداشت کرنے ہوں گے۔
تکافل پلان پر وہ ٹیکسز لاگو ہونگے جو ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں۔

UBL آمین
Islamic Banking

UBL Ameen... Mein bhi Ameen hoon

United Bank Limited
111-825-888 www.ubldirect.com

**EFU LIFE - WINDOW TAKAFUL OPERATIONS**
37-K, Block 6, PECHS Karachi-75400
Call: 021-111-338-436 (111-EFU-HEM)Fax: (021) 34537519
Email: csd@efuhemayahtakaful.com
Website: www.efuhemayahtakaful.com

LIFE
Zaroori Hai

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ای ایف یو حمایہ ونڈ و تکافل آپریشنز کی شرعی حیثیت

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ - ونڈ و تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے **یو بی ایل بیٹر لائف تکافل سیونگز پلان** کے معاملے کا جائزہ لیا ہے جو وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔

نیز میں نے حمایہ تکافل کی جملہ اسکیموں کے دستاویزی کاغذات، عملی تطبیق اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری وغیرہ کا بھی بغور جائزہ لیا ہے اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے لہذا میری رائے میں ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ - ونڈ و تکافل آپریشنز کے حمایہ تکافل پلان کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ
شرعی مشیر

مُفتی
مُحمد اِبراھِیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف - ونڈو تکافل آپریشنز